238

آیت نمبر 49

آیات نمبر 49 تا 60 میں اس حقیقت کا بیان کہ اللہ بہت بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے لیکن اس کی سزا بھی بہت سخت ہوتی ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کے پاس آنے والے فرشتوں کا واقعہ۔

نَبِّئۡ عِبَادِیۡۤ اَنِّیۡۤ اَنَا الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ﴿۴۹﴾ اے پیغمبر (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم)! میرے
بندوں کو بتا دیجئے کہ میں بہت ہی بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہوں وَ اَنَّ
عَذَابِیۡ ہُوَ الۡعَذَابُ الۡاَلِیۡمُ ﴿۵۰﴾ اور بلاشبہ میرا عذاب بھی نہایت ہی دردناک
عذاب ہے وَ نَبِّئۡہُمۡ عَنۡ ضَیۡفِ اِبۡرٰہِیۡمَ ﴿۵۱﴾ اور آپ انہیں ابراہیم علیہ
السلام کے مہمانوں کا حال بھی سنا دیجئے اِذۡ دَخَلُوۡا عَلَیۡہِ فَقَالُوۡا سَلٰمًا ؕ جب وہ
ان کے گھر میں داخل ہوئے تو کہا کہ تم پر سلام ہو قَالَ اِنَّا مِنۡکُمۡ وَجِلُوۡنَ ﴿۵۲﴾
ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ مجھے تو تم سے کچھ خوف سا محسوس ہوتا ہے قَالُوۡا لَا
تَوۡجَلۡ اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمٍ عَلِیۡمٍ ﴿۵۳﴾ مہمانوں نے کہا کہ ڈرو نہیں، بے شک ہم
تمہیں ایک صاحب علم بیٹے کی بشارت دیتے ہیں قَالَ اَبَشَّرۡتُمُوۡنِیۡ عَلٰۤی اَنۡ
مَّسَّنِیَ الۡکِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوۡنَ ﴿۵۴﴾ ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ تم مجھے اس وقت
اولاد کی بشارت دے رہے ہو جب مجھ پر بڑھاپا آ چکا ہے، تم مجھے آخر کس چیز کی
بشارت دے رہے ہو؟ قَالُوۡا بَشَّرۡنٰکَ بِالۡحَقِّ فَلَا تَکُنۡ مِّنَ الۡقٰنِطِیۡنَ ﴿۵۵﴾
مہمانوں نے کہا کہ ہم آپ کو بالکل صحیح بشارت دے رہے ہیں سو آپ ناامید لوگوں
میں شامل نہ ہوں قَالَ وَ مَنۡ یَّقۡنَطُ مِنۡ رَّحۡمَۃِ رَبِّہٖۤ اِلَّا الضَّآلُّوۡنَ ﴿۵۶﴾

ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ گمراہوں کے سوا اپنے رب کی رحمت سے کون ناامید ہو
سکتا ہے؟ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٧﴾ پھر ابراہیم علیہ السلام نے
پوچھا کہ اے اللہ کے بھیجے ہوئے فرشتو! اس بشارت کے علاوہ تمہارے آنے کا اور کیا
مقصد ہے؟ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٥٨﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا
لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥٩﴾ انہوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے
ہیں سوائے خاندان لوط علیہ السلام کے، بے شک ہم ان سب کو بچالیں گے اِلَّا
امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٦٠﴾ رکوع [۴] البتہ لوط کی بیوی کے لئے بحکم
الٰہی ہم نے یہ مقدر کیا ہے کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں شامل ہو گی